The CM said that the problems of the agricultural professionals of Balochistan are well-understood saying that in this regard, steps have been taken to convert agricultural tube wells to solar energy for a permanent solution to electricity issues. "We will take vigorous steps to solve the problems of land-owners", he said, adding that agriculture is the backbone of the economy of Balochistan. The CM maintained that the welfare of farmers is the top priority of the government, transferring tube wells to solar energy could help to reduce the expenses and problems of farmers. He said that the provision of modern facilities to farmers would be ensured saying that a coordinated policy is being formulated for progress of the Agriculture Department in the area. Meanwhile, while addressing the gathering, Bugti made a significant breakthrough in resolving a long-standing conflict between the Musori and Kalpar Hotkani tribes. The two tribes had been embroiled in a bloody feud for 15 years, resulting in the loss of around 10 lives. During a peace jirga attended by Bugti, both parties entrusted him with the authority to facilitate reconciliation. The CM successfully brokered a memorandum of understanding, marking a major milestone in ending the enmity. The occasion, members of both tribes hugged each other, bidding farewell to their longstanding feud. Bugti emphasized the importance of tribal brotherhood, unity, and consensus in driving development and prosperity in the region. He stressed that lasting peace in Balochistan can only be achieved by ending tribal conflicts, highlighting that peace and harmony are essential for progress.

The reconciliation effort was widely appreciated by the participants, including tribal leaders and social figures. They praised Bugti's efforts, describing his role as exemplary in promoting peace and brotherhood.

Bugti visited Sui and attended a peace jirga of the

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 17 JAN 2025

Page No. 13

# ضلع حب میں 450 ترقیاتی منصوبے جاری ہیں، علی حسن زہری

## ہمارے منصوبے زمین پر نظر آرہے ہیں، وزیراعلیٰ کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیے سے خطاب

حب (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا حب دورے میں اعلان کردہ ترقیاتی پیکیج ضلع حب کی ترقی میں ایک سنگ میل ثابت ہوگا حب ماسٹر پلان کیلئے 1 ارب روپے ریلیز ہوگئے ہیں 8 ارب روپے سے زائد لاگت کے خطیر فنڈز سے حب میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی منصوبے جاری ہیں انہوں نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صدر آصف علی زرداری کے حب جلسے میں کئے گئے اعلانات کی روشنی میں حب کے عوام کو حب ماسٹر ڈیولپمنٹ پلان پیکج دیا گیا ہے وزیراعلیٰ کے تعاون سے گڈانی جیل کی اپ گریڈیشن پر ایک ارب 30 کروڑ روپے سے زائد لاگت کے منصوبے کی منظوری دی گئی ہے ہماری حکومت کے ترقیاتی منصوبے زمین پر موجود ہیں 450 ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ سو سے زائد منصوبے مکمل ہوچکے ہیں جبکہ حب کے عوام کو 40 سال تک ترقی سے محروم رکھا گیا صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی مشاورت سے ضلع حب کی انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ کے حوالے سے حب ڈیولپمنٹ اتھارٹی قائم کی جارہی ہے گڈانی روڈ نیٹ ورک منصوبوں کیلئے ماسٹر پلان ایک ارب چالیس کروڑ کی لاگت سے گڈانی جیل کی اپ گریڈیشن ساکران کو تحصیل اور لوہی کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دینے پر وزیراعلیٰ کے مشکور ہیں انہوں نے کہا کہ گڈانی سے حبکو تک 16 کلومیٹر تک لنک روڈ منصوبے کا اعلان وزیراعلیٰ کی عوام دوست پالیسی کی عکاسی کرتا ہے شہید بے نظیر بھٹو نرسنگ کالج کے قیام کا اعلان چیئرمین پیپلز پارٹی کے وژن سے ہم آہنگ پالیسی کا حصہ ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 JAN 2025

Page No. 13

# ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

دودھ دہی کا نرخ مقرر

دودھ ڈیری فارم سے 175 جبکہ دکان پر 190 روپے میں فروخت ہوگا، گرانفروشوں کیخلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائی ہوگی، سعد بن اسعد

کوئٹہ(خ ن) ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی نے شہر میں دودھ کی نئی قیمتیں مقررہ کردیں۔جس کے مطابق دودھ ڈیری فارم قیمت 175 روپے اور دکان پر قیمت 190 روپے مقرر کردی گئی ہے۔اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی اجلاس ہوا۔ جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک) بہادر خان، اسسٹنٹ کمشنر (سریاب)، محکمہ لائیو سٹاک، محکمہ انڈسٹری، مارکیٹ کمیٹی کے نمائندوں، ڈیری فارم ایسوسی ایشن، ملک دکاندار ایسوی ایسوی ایشن اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں دودھ اور دہی کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کو کوئٹہ میں دودھ اور دہی کی قیمتوں بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جو بھی ڈیری فارم والے سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرینگے انکے ڈیری فارم کو سیل کرکے مالک کو گرفتار کیا جائیگا اور جو بھی دکاندار 190 سے زیادہ قیمت وصول کریگا اس دکان کو بھی سیل کرکے دکاندار کو جیل بجھوایا جائیگا۔انہوں نے ضلعی انتظامیہ کے افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ گرانفروشوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے روزانہ کی بنیاد پر دکانیں سیل اور دکانداروں کو گرفتار کرکے رپورٹ پیش کی جائے۔انہوں نے کہا کہ شہر میں گراں فروشی اور ناجائز منافع خوری کرنے والوں سے کوئی رعایت نہیں برتی جائیگی دودھ اور دہی کی مقررہ قیمتوں پر فروخت کو یقینی بنانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔انتظامیہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔

# محکمہ صحت کیخلاف بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈہ برداشت نہیں کیا جائیگا

بلوچستان حکومت

عوامی نمائندوں یا افسران کے خلاف منفی مہم چلانے والوں کیخلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی، ترجمان شاہد رند

کوئٹہ(خ ن) ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا ہے کہ محکمہ صحت کے خلاف بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا ایسے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی جو عوامی نمائندوں یا افسران کے خلاف منفی مہم چلا رہے ہیں بلوچستان ہائی کورٹ کی ہدایات کے مطابق عدالتی احکامات پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والے افراد یا گروہوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ ملوث عناصر کو فوری طور پر ایف آئی اے کی سائبر کرائم ونگ کے حوالے کیا جائے گا تاکہ انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے ترجمان نے کہا کہ محکمہ صحت کے افسران اور عوامی عہدیداروں کے خلاف کسی بھی قسم کی منفی مہم کو سختی سے روکا جائے گا اور اس میں شامل افراد کے لیے کوئی رعایت نہیں ہوگی انہوں نے کہا کہ ہر محکمے کو عدالتی احکامات کی مکمل پاسداری کرنا ہوگی اور جو افسران اس حوالے سے غفلت یا ساز باز کے مرتکب پائے جائیں گے وہ بھی قانونی کارروائی کا سامنا کریں گے بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی اور قانونی اقدامات کیے جائیں گے۔ اس سلسلے میں تمام متعلقہ افسران کو فوری کارروائی کے احکامات جاری کردیئے گئے ہیں محکمہ صحت بلوچستان نے اس حوالے سے متعلقہ ہدایات پر عمل درآمد کے لیے مراسلہ بھی جاری کردیا ہے۔ معاملہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور تمام محکموں کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا تاکہ عوامی خدمت کے شعبے میں بدنیتی یا منفی پروپیگنڈہ کی حوصلہ شکنی کی جاسکے۔

# ...ہری تنخواہیں لینے والے ڈاکٹروں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ، ترجمان حکومت بلوچستان

...ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے اراکین بھی شامل، 36 میڈیکل آفیسر، 29 لیڈی ڈاکٹروں اور 9 ڈینٹل سرجنز کو اظہار وجوہ کے نوٹس

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان حکومت نے محکمہ
...ت میں مالی بدعنوانی اور غیر قانونی سرگرمیوں کے
... بڑا قدم اٹھاتے ہوئے ینگ ڈاکٹرز ایسوی
... کے اراکین سمیت دہری تنخواہیں لینے والے
...وں کے خلاف محکمانہ و قانونی کارروائی کا فیصلہ
...ہے ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند کے

مطابق 36 میڈیکل آفیسرز، 29 لیڈی میڈیکل آفیسرز، اور 9 ڈینٹل سرجنز کو اظہار وجوہ کے نوٹس جاری کردیے گئے ہیں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے بتایا ہے کہ محکمہ صحت نے بدعنوان ڈاکٹروں کے خلاف شواہد کے ساتھ فہرست جاری کر دی ہے۔ان ڈاکٹروں کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے گی تاکہ انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ وزیر صحت نے واضح کیا کہ بدعنوان عناصر کو سزا دی جائے گی تاکہ صحت کے شعبے میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے وزیر صحت نے مزید کہا کہ بین الاقوامی اداروں کے ساتھ کنٹریکٹ پر کام کرنے والے ڈاکٹروں کی تفصیلات طلب کی جارہی ہیں، جبکہ یو این اداروں میں ڈیپوٹیشن پر تعینات اہلکاروں کے حوالے سے بھی معلومات اکٹھی کی جارہی ہیں۔جن اہلکاروں کی مدت ختم ہو چکی ہے، انہیں فوری طور پر اپنے پیرنٹ ڈیپارٹمنٹ میں رپورٹ کرنے کی ہدایت دی جائے گی بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ محکمہ صحت میں کسی قسم کی خلاف ضابطہ سرگرمیاں برداشت نہیں کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ چند کالی بھیڑوں کی وجہ سے اس عظیم پیشے کی ساکھ کو نقصان پہنچا ہے، اوران کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ انہوں نے غریب مریضوں کی حالت زار پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اسپتالوں کی بندش اور طبی سہولیات کی کمی عوام کے لیے ناقابل برداشت ہے ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے کہا کہ حکومت عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات سے محروم کرنے والے عناصر کو بے نقاب کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ مالی بدعنوانی میں ملوث ڈاکٹروں کی فہرست مفاد پرستی کا واضح ثبوت ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 17 JAN 2025 Page No. 17

## ڈاکٹر رہنماؤں کے گھروں پر پولیس کے چھاپے، ڈاکٹر خاور اقبال گرفتار

**ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن پاکستان کا گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کی حمایت میں او پی ڈیز میں آج سے علامتی ہڑتال کا اعلان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان رہنماؤں، ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ، ڈاکٹر صبور کاکڑ، ڈاکٹر یاسر اچکزئی اور ڈاکٹر ایوب کے گھروں پر پولیس کے چھاپے، بے نظیر بھٹو ہسپتال میں اسسٹنٹ پروفیسر سرجری ڈاکٹر خاور اقبال کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن پاکستان کا گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کی حمایت میں آج جمعہ سے ملک بھر میں دو گھنٹے او پی ڈیز کے ٹوکن ہڑتال کا اعلان کیا ہے۔ انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ نہ رکنے کی صورت میں پیر سے ملک بھر میں او پی ڈیز کا بائیکاٹ کیا جائیگا۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس کے ترجمان کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان سے منسلک ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے عہدے داران کے خلاف جھوٹے مقدمات میں ضمانت کے بعد چادر اور چاردیواری کے تقدس کی پامالی کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے مسلسل چھاپوں کا سلسلہ جاری، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے قبائلی روایات اور معاشرتی اصولوں کو بالا طاق رکھتے ہوئے مسلح افراد گھروں کے اندر داخل ہو کر اہل خانہ کو ٹارچر کر رہے ہیں۔ رات گئے صدر ینگ ڈاکٹر ایسوسی ایشن ڈاکٹر کلیم کے گھر پر پولیس نے چھاپہ مار کر ان کے چچازاد بھائی کو گرفتار کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا۔ 16 گھنٹے گزرنے کے بعد بھی یہ پتہ نہیں چل سکا کہ ان کو کہاں منتقل کیا ہے۔ اسی رات ایک اور ٹیم نے مسلسل تیسری مرتبہ ڈاکٹر صبور کاکڑ کے گھر پر اور وائی ڈی اے پاکستان کے وائس چیئرمین اور وائی ڈی اے بلوچستان کی سپریم کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر یاسر اچکزئی کے گھر پر بھی چھاپے مرے گئے اور انکے اہل خانہ کو ذہنی ٹارچر کیا گیا۔ شہید بے نظیر بھٹو میموریل ہسپتال میں ڈیوٹی پر مامور اسسٹنٹ پروفیسر سرجری ڈاکٹر خاور اقبال کو پولیس نے ہسپتال سے گرفتار کیا اور پیرا میڈیکل سٹاف فیڈریشن کے ذمہ داران کو بغیر کسی مقدمے یا پرچے کے پولیس نے حراست میں لے کر تھانے منتقل کر دیا۔ گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کی جانب سے صوبے بھر کے تمام ہسپتالوں میں اس وقت او پی ڈیز اور نان ایمرجنسی اپریشن تھیٹرز سے تمام ڈاکٹرز اور دیگر ملازمین کا اپنے مطالبات کے حق میں خدمات سے برخاست ہوئے آج چار دن مکمل ہو گئے جس کی وجہ سے سنڈیمن پراونشل ہاسپٹل کوئٹہ، بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کوئٹہ، شیخ زاید اسپتال، بے نظیر بھٹو شہید ہسپتال، مفتی محمود ہسپتال کچلاک، فاطمہ جناح ہسپتال کوئٹہ، ٹیچنگ ہسپتال خضدار، ٹیچنگ ہسپتال چمن، ٹیچنگ ہسپتال تربت، ٹیچنگ ہسپتال قلعہ سیف اللہ، اور صوبے کے تمام ڈسٹرکٹ ہیلتھ کوارٹر ہسپتالوں میں او پی ڈیز اور ایمرجنسی اپریشن تھیٹرز مکمل طور پر غیر فعال ہیں۔ ڈاکٹروں کے خلاف انتقامی کارروائیوں کے خلاف ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پاکستان نے کل سے ملک بھر میں دو گھنٹے او پی ڈیز میں علامتی ہڑتال کا اعلان کیا ہے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پاکستان کے ترجمان نے کہا ہے کہ اگر حکومت بلوچستان نے گرینڈ ہیلتھ الائنس بلوچستان کے مطالبات تسلیم کرتے ہوئے انسانی حقوق کے خلاف ورزی کو فوراً ترک نہ کیا تو پیر سے ملک بھر میں او پی ڈیز کا مکمل بائیکاٹ شروع کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت بلوچستان پر عائد ہوگی۔

## پنجگور میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور شہر چتکان فلم چوک میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے اسامہ ولد عطاء نامی شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے لاش ٹیچنگ ہسپتال منتقل کردی۔ پولیس وقعہ کی مزید تفتیش کر رہی ہے۔

## مستونگ: ماہ رنگ بلوچ اور دیگر کے خلاف مقدمہ درج

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مستونگ پولیس نے دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ، بی وائی سی کی مرکزی قیادت سمیت 50 افراد کیخلاف مقدمہ درج کرلیا۔ سٹی تھانہ مستونگ کے ایس ایچ او عبدالفتح کی مدعیت میں درج مقدمہ میں کہا گیا ہے کہ ڈاکٹر مارنگ بلوچ، بیبو بلوچ، صبغت اللہ بلوچ، حفیظ بلوچ اور 40 سے 50 کے قریب نقاب پوش افراد دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرکے جرم زیر دفعہ 188,147.149 کے مرتکب ہوئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ واضح رہے کہ محکمہ داخلہ بلوچستان نے صوبہ بھر میں دفعہ 144 نافذ کر کے جلسہ، جلوس، ریلی، اسلحہ کی نمائش پر پابندی عائد کر رکھی ہے۔

## قلات: مسلح شخص کی فائرنگ سے بچی سمیت دو افراد جاں بحق

**واردات کے بعد ملزم اسلحہ سمیت فرار، 25 کلومیٹر تعاقب کے بعد ملزم گرفتار، کلاشنکوف برآمد**

قلات (این این آئی) قلات میں مسلح شخص کی فائرنگ سے کمسن بچی سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے پولیس کی بروقت کارروائی سے ملزم گرفتار آلہ قتل بھی برآمد قلات پولیس کے مطابق گزشتہ روز ملزم بشیر احمد اپنے بہنوئی منیر احمد ولد باران خان اور ایک آٹھ سال کی بچی لائبہ کو قتل کرنے کے بعد واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ اپنے ساتھ لے کر فرار ہو گیا۔ جس پر پولیس نے فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے، ڈی ایس پی، ایس ایچ او کی قیادت میں ایک ٹیم اور اے ٹی ایف اور ایگل سکواڈ کی مدد سے مشتبہ شخص کا تعاقب کیا۔ اور ایک شدید تعاقب کے بعد، ٹیم نے ملزم کو جائے وقوعہ سے تقریباً 25 کلومیٹر کے فاصلے سے کامیابی سے گرفتار کرلیا اور جرم میں استعمال ہونے والی کلاشنکوف برآمد کرلی۔

MASHRIQ QUETTA

## قلات میں دکان سے موٹر سائیکل چوری کرنیوالے گرفتار

**اپنے تیسرے ساتھی کا نام بھی ظاہر کردیا جو تاحال مفرور ہے، پولیس**

قلات (نمائندہ مشرق) گزشتہ روز مقامی موٹر سائیکل شوروم کے مالک نے شکایت کی کہ بازار قلات میں نامعلوم ملزمان نے اس کے شوروم کے تالے توڑ کر دو عدد ہنڈا 125CG چوری کر کے لے گئے جس کے بعد قلات پولیس ایس ایچ او حبیب بابئی کی حکم پر۔ ان کی رپورٹ پر مقدمہ نامعلوم ملزمان کے خلاف کاروائی شروع کردی گئی۔ کاروائی کے دوران، دو مشتبہ افراد کو گرفتار کرلیا جن میں 1. سجاد احمد ولد محمد یوسف 2. عبدالستار ولد عبدالحمید۔ دوران تفتیش دونوں نے اپنے جرم کا اعتراف کرتے ہوئے اپنے تیسرے ساتھی کا نام بھی ظاہر کی جو تاحال مفرور ہے اور مزید اعتراف کیا کہ نوشکی میں موٹر سائیکلیں فروخت کی گئی ہیں پولیس کی جانب سے مزید انکشافات متوقع ہیں

CamScanner

## کوئٹہ، سردی میں گیس کی لوڈشیڈنگ سے شہری پریشان

### بھاری بھرکم بل بھجوائے جاتے ہیں مگر گیس کی سہولت میسر نہیں، عوامی حلقے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) شہر بھر کے مختلف کاروباری اور گھریلو صارفین شدید ترین سرد موسم میں گیس لوڈشیڈنگ سے شہری پریشان ہو گئے۔ جناح روڈ سمیت اطراف کے ایریا میں گیس کی طویل ترین بندش نے صارفین کو ذہنی کوفت میں مبتلا کردیا ہے جہاں صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک غیر اعلانیہ گیس لوڈشیڈنگ جاری ہے، جس کی وجہ سے دفاتر اور دکان داروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ وہ کاروبار کے حوالے سے پریشان ہیں گیس کے بھاری بھرکم بل ارسال کئے جا رہے ہیں مگر گیس میسر نہیں، فاطمہ جناح روڈ، کواری روڈ، پٹیل روڈ اور شہر کے دیگر علاقوں کی حالت بھی کچھ ایسی ہی ہے عوام نے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

## کمپیوٹرائزڈ اسلحہ لائسنس کا اجراء عوام کیلئے زحمت بن گیا

### ڈی سی آفس میں مقررہ فیس کی بجائے اضافی روپے طلب کئے جاتے ہیں، عوامی حلقے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ ڈی سی آفس میں عوامی سہولت کے لئے قائم کئے جانے والے ڈیجیٹل کمپیوٹرائزڈ اسلحہ لائسنس کا اجراء عوام کیلئے سہولت کی بجائے زحمت بن گیا سات ماہ میں صرف ایک ہزار کے قریب کمپیوٹرائزڈ اسلحہ لائسنس جاری ہو سکے سینکڑوں شہریوں کو عملہ من مانی کے لئے دفاتر کے چکر لگوانے لگا عوامی حلقوں کے مطابق کوئٹہ ڈی سی آفس میں کمپیوٹرائزڈ اسلحہ لائسنس بنوانے کیلئے آنے والوں سے پانچ ہزار روپے فیس کی بجائے اضافی روپے بھی مانگے جاتے ہیں اور انہیں مقررہ وقت پر اسلحہ لائسنس بھی جاری نہیں کیا جا رہا سات ماہ قبل کوئٹہ میں کمپیوٹرائزڈ اسلحہ لائسنس برانچ کا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے افتتاح کیا تھا، ہمارے ذرائع کے مطابق وہ اپنے طور پر کام کر رہے ہیں چند ہی ماہ میں ایک ہزار کے قریب لائسنس اشو کئے جبکہ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ متعلقہ حکام اور ڈی سی کوئٹہ ان کے خلاف ایکشن لیں کیونکہ شہریوں کے اسلحہ لائسنس تاخیر کا شکار ہو رہے ہیں۔

## شہر کی سڑکوں پر ریڑھی بانوں کا قبضہ، شہری نالاں

### پیدل چلنا محال، ٹریفک کی روانی بھی متاثر، متعلقہ حکام غفلت میں مبتلا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی غفلت و لاپرواہی کی وجہ سے شہر کی سڑکوں پر ریڑھی بانوں کا قبضہ ہے، سریاب روڈ، جوائنٹ روڈ، سمنگلی روڈ، امداد چوک، جناح روڈ سمیت دیگر علاقوں میں ریڑھی بانوں کی وجہ سے گاڑیوں اور راہ چلنے والوں کو مشکلات کا سامنا کرنا ہے لیکن ضلعی انتظامیہ کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی، شہری اذیت سے دو چار ہیں، جوائنٹ روڈ اور سریاب روڈ پر سڑک کے نصف حصے پر سبزیاں اور پھل فروشوں نے اپنی ریڑھیاں کھڑی کر رکھی ہے جس کی وجہ سے سڑکوں پر گھنٹوں ٹریفک جام، جبکہ فٹ پاتھوں پر پیدل چلنا محال ہو گیا ہے عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ شہری برداشت و رواداری سے کام لیتے ہیں لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ اس نرمی کا ناجائز فائدہ اٹھا کر پورے شہر کو یرغمال بنایا جائے، انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ان ریڑھی بانوں کیلئے مخصوص جگہ کا انتخاب کیا جائے، رش والی سڑکوں پر کھڑی ریڑھیاں شہر بھر سے ہٹائی جائیں۔

INTEKHAB QUETTA

## بھاگ، ادویات کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ، غریب کی پہنچ سے دور

### حکومت ادویات کی قیمتوں میں کمی کرے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

بھاگ (نامہ نگار) عوامی حلقوں نیا دویات کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافے کو مریضوں پر خودکش حملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت مریضوں کو ہسپتال کے بجائے سیدھا قبرستان بھیجنا چاہتی ہے، حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں نے دیہاڑی دار مزدوروں کا جینا دوبھر کر دیا ہے، آئے روز روزمرہ کی اشیاء ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے نے غریب عوام کو ذہنی مریض بنا دیا ہے، کمر توڑ مہنگائی کی وجہ سے غریبوں کے لئے دو وقت روٹی کا حصول تو پہلے ہی خواب بنا ہوا تھا کہ بخار سر درد امراض قلب شوگر ملیریا گلے میں خراش فلو پیٹ درد آنکھوں کان ناک دانت منہ بلڈ انفیکشن جلدی امراض اور زچگی کے بعد استعمال ہونیوالی ادویات کی قیمتوں میں اضافے علاج معالجہ کی سہولت غریب عوام کی پہنچ سے مزید دور کر دیا ہے سرکاری ہسپتالوں اور ڈسپنسریوں میں نہ صرف ادویات کی شدید قلت پائی جاتی ہے بلکہ دیگر اہم سہولیات کا بھی فقدان ہے لیکن عوام کا پرسان حال کوئی نہیں حکومت دوا ساز کمپنیوں کے سامنے بے بس نظر آتی ہے حکومت کی رٹ دوا ساز تو اپنی جگہ کسی گلی میں بھی نظر نہیں آتی۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان ٹائمز

Bullet No 6

Dated: 17 JAN 2025

Page No. 19

## توانائی کا شعبہ اور در پیش چیلنجز: اصلاحات کا عمل جاری رکھنے کی ضرورت

بلوچستان سمیت ملک بھر میں اس وقت جہاں تقریباً ہر شعبے میں مسائل کی بہتات ہے اور عوام بہتری اور اصلاح احوال کی امیدیں لگائے بیٹھے ہیں وہاں یہ امر مستحسن اور قابل ستائش ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت اصلاح احوال کے لئے کوشاں ہے اصلاحات کا عمل جن شعبوں مین زیادہ فعالیت سے جاری ہے اور اس میں مزید تیزی اور فعالیت و تحریک لانے کی ضرورت ہے ان شعبوں میں توانائی کا بھی شعبہ شامل ہے توانائی کے شعبے میں مسائل ہی مسائل ہیں اور چیلنجز ہی چیلنجز ہیں جن سے نمٹنے کے لئے اصلاحات کا عمل جاری اور اس بات کی ضرورت بتدریج بڑھ رہی ہے کہ اصلاحات کا عمل جاری و ساری رکھا جائے اس بابت گزشتہ روز پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے اسی عزم کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ توانائی کے شعبے میں اصلاحات کا عمل جاری ہے، گزشتہ سال کے مقابلے میں جولائی سے نومبر کے دوران گردشی قرضہ کم ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے جولائی سے نومبر گردشی قرض میں 12 ارب روپے کی کمی کی، اس سال پانچ ماہ میں ڈسکوز کا نقصان 170 ارب سے نہیں بڑھنے دیا گیا ہے، اگر دو اور کمپنیوں کے بورڈ تبدیل ہوتے تو یہ نقصان 140 ارب ہوتا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے نقصانات میں بھی کمی آئی ہے، ڈسکوز کو سیاسی مداخلت سے پاک کرتے ہوئے گڈ گورننس کو بہتر بنایا گیا ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ تمام صنعتی اور اقتصادی زونز سے متعلق طریقہ کار تبدیل کر دیا ہے، معاشی سرگرمیاں تیز کرنے کیلئے کاروباری برادری کو سہولتیں دینی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب سب انڈسٹریل اسٹیٹس کو ون ونڈو کے تحت بلنگ ملے گی۔ اویس لغاری نے کہا کہ وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں پٹرول اور ڈیزل کے استعمال سے نقصان کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک وہیکلز کو فروغ دینے کے لئے اقدامات جاری ہیں، چارجنگ اسٹیشنوں کے لئے ٹیرف میں پینتالیس فیصد کمی کا فیصلہ کیا گیا ہے، چارجنگ اسٹیشنز کو سستی بجلی سے الیکٹرک گاڑیوں کا رجحان تیز ہوگا اور چارجنگ اسٹیشنز کے قیام کیلئے طریقہ کار بھی آسان بنا رہے ہیں۔ گلی محلوں میں موٹر سائیکل اور رکشے چارج کرنے کیلئے الیکٹرک اسٹیشن موجود نہیں ہیں، چارجنگ اسٹیشن کا ٹیرف 39 روپے 70 پیسے کر دیا گیا ہے، بجلی کی قیمت کم کرنے سے گلی محلوں میں چارجنگ اسٹیشنز کھل سکیں گے۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ چارجنگ اسٹیشن قائم کرنے کے لئے این او سی 15 دن میں جاری ہوگا، متبادل توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاروں کو سہولتیں دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایس آئی ایف سی نے سرمایہ کاری میں اہم [illegible]

کرنے والی دنیا وعدہ پورا کرے گی، ای بائیکس پر فنانسنگ کی جائے تاکہ ماحول دوست موٹر سائیکل چلیں، پوری دنیا کو گرین فنانسنگ کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتیں کم کرنے کا سفر جاری ہے، آئندہ چند ماہ میں پاکستان خطے میں کم قیمت پر بجلی مہیا کرنے والا ملک بن جائے گا اس وقت پاکستان اضافی بجلی کی دلدل میں پھنسا ہوا ہے جیسے جیسے بجلی کی قیمتیں کم ہونگی اس صورتحال سے نمٹا جا سکے گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس الیکٹرک وہیکل کے فروغ کے حوالے سے منعقد ہوا ہے جس کے دوران وزیراعظم نے پاور ڈویژن کی جانب سے الیکٹرک وہیکلز کی پالیسی کو انتہائی خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاور ڈویژن کی جانب سے الیکٹرک گاڑیوں کے لئے خصوصی 44 فیصد کم رعایتی ٹیرف ایک تاریخ ساز پیکیج ہے۔ وزیراعظم نے الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ کی نئی پالیسی کے حوالیسے وفاقی وزیر پاور اور ان کی ٹیم کو سراہتے ہوئے کہا کہ بجلی سے چلنے والی گاڑیوں سے پٹرول اور ڈیزل کی درآمد کی مد میں زرمبادلہ کی بچت ہوگی اور ماحول دوست سفری سہولیات دستیاب ہوں گی، وزیراعظم نے الیکٹرک گاڑیوں کے حوالیسے نئی حکومتی پالیسی کی بھرپور تشہیر کرنے اور آگہی مہم کی ہدایت کی۔ اجلاس میں الیکٹرک وہیکلز کے لئے نئی حکومتی پالیسی پر بریفنگ دیتے ہوئے وزیراعظم کو بتایا گیا کہ الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ سٹیشنز کو موجودہ 71 روپے کی بجائے اب 39.70 روپے فی یونٹ بجلی ملے گی، اس کمی کی وجہ سے اب پٹرول اور دوسرے ایندھن کے مقابلے میں سفری اخراجات میں تین گنا تک بچت ممکن ہو سکے گی، ملک میں پٹرول اور دوسرے ایندھن پر انحصار کم ہونے کی وجہ سے بھاری زرمبادلہ کی بھی بچت ہوگی، اس سے مضر صحت گیسز کے اخراج کو روکنے اور فضائی آلودگی سے نمٹنے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ مسابقتی مارکیٹ کو یقینی بنانے اور ملکی و غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کو ممکن بنانے کیلئے ریگولیشنز کو انتہائی آسان بنایا گیا ہے، ان قواعد و ضوابط کے تحت نیشنل انرجی ایفی شنسی اینڈ کنزرویشن اتھارٹی (این ای ای سی اے) چارجنگ سٹیشنز پر حفاظتی اقدامات کو یقینی بنائے گی اور ہر چارجنگ سٹیشن کی سالانہ انسپکشن ہو گی۔ الیکٹرک وہیکل ہمارے ہاں نئی چیز سہی مگر باقی دنیا میں یہ بہت پہلے متعارف بھی ہوئی اور کامیابی سے چل بھی رہی ہے اس کی بدولت توانائی کی الگ سے بچت ہوگی اور ماحول پر الگ سے مثبت و کارآمد اثرات مرتب ہوں گے مجموعی طور پر توانائی کا شعبہ ایک ایسا شعبہ ہے جس میں ہمہ گیر و جدت بہتری اور فعالیت و تحریک لانے کی ضرورت ہے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت اس ہوالے سے پرعزم بھی دکھائی دیتی ہے اور عملی طور پر کوشاں بھی امید واثق ہے کہ نہ صرف ان اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا بلکہ ان مین وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ اقدامات کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No 6

Dated: 17 JAN 2025 Page No. 20


## سیلاب متاثرین کی بحالی کے وفاقی منصوبے میں تاخیر وزیراعلیٰ کا اظہار تشویش

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی مدد انسانیت کی بے لوث خدمت ہے کشمیر آرفین ریلیف ٹرسٹ جیسے ادارے اس خدمت کا عملی مظہر ہیں تنظیم نے بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کوئٹہ سٹی، مستونگ، پشین، قلعہ سیف اللہ، اور صحبت پور

میں 250 گھروں کی تعمیر کی ہے جو متاثرین کے لیے امید کی ایک نئی کرن ہے کار خیر کے اس عظیم منصوبے پر ادارے کے سربراہ چوہدری محمد اختر سمیت تمام مخیر حضرات اور رضا کاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں تقریب میں سال 2022 کے سیلاب متاثرین کو کشمیر آرفین ریلیف ٹرسٹ کی جانب سے تعمیر شدہ گھروں کی چابیاں دی گئیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت ایسے اداروں کی ہر ممکن معاونت اور حوصلہ افزائی کرے گی کیونکہ یہ تنظیمیں انسانی خدمت کے عظیم فریضے کو پورا کر رہی ہیں وزیراعلیٰ نے وفاقی حکومت کے سیلاب بحالی منصوبے کی تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متاثرین اب بھی مشکلات جھیل رہے ہیں جس کا ہمیں بخوبی ادراک ہے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری صاحب ہر ملاقات میں اس منصوبے کی پیش رفت کے بارے میں دریافت کرتے ہیں اور متاثرین کی فوری بحالی کی ہدایت دیتے ہیں بلوچستان حکومت ایسے اداروں کی ہر ممکن معاونت اور حوصلہ افزائی کرے گی کیونکہ یہ تنظیمیں انسانی خدمت کے عظیم فریضے کو پورا کر رہی ہیں وزیراعلیٰ نے وفاقی حکومت کے سیلاب بحالی منصوبے کی تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متاثرین اب بھی مشکلات جھیل رہے ہیں اگر وفاقی حکومت یہ منصوبہ ہمیں دے تو ہم اسے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت 8 سے 9 ماہ میں مکمل کر سکتے ہیں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق سندھ حکومت کی طرح ہم بھی یہ منصوبہ قلیل مدت میں کامیابی سے پایہ تکمیل تک پہنچا سکتے ہیں وزیراعلیٰ نے بلوچستان میں یتیم بچوں اور بچیوں کے لیے ایک عظیم الشان ادارے کے قیام کا اعلان کیا اور کہا کہ بلوچستان حکومت اس مقصد کے لیے بلا معاوضہ اراضی فراہم کرے گی، جبکہ مخیر حضرات، وزرا، اراکین اسمبلی، اور سرکاری ملازمین اپنی استطاعت کے مطابق تعاون کریں گے انہوں نے وعدہ کیا کہ وہ خود بھی اس کار خیر میں حصہ لیں گے وزیراعلیٰ نے کشمیر آرفین ریلیف ٹرسٹ کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ کشمیر کے زلزلے کے وقت جس طرح پوری قوم یکجا تھی اسی طرح آج کشمیر سے لوگ بلوچستان کے لوگوں کی مدد کے لئے آ رہے ہیں قومی یکجہتی کی یہ خوبصورتی ہمارے وطن عزیز کا طرہ امتیاز ہے اسوقت بلوچستان کے لوگوں نے اپنی ذمہ داری نبھائی اور آج اس تنظیم نے بلوچستان کے لوگوں کی مدد کر کے انسانی خدمت کا قرض لوٹا دیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے تمام ڈونرز، مخیر حضرات، اور رضا کاروں کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے تعریفی سرٹیفکیٹس دینے کا اعلان کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے خطاب کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان بدل رہا ہے اور ہم سب مل کر صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے تقریب میں کشمیر آرفین ریلیف ٹرسٹ کے چیئرمین چوہدری محمد اختر نے ادارے کی خدمات پر روشنی ڈالی تقریب میں صوبائی وزرا میر محمد سلیم خان کھوسہ، میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری حاجی برکت رند، پیپلز پارٹی کے رہنما سید اقبال شاہ، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ، اور کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات سمیت دیگر حکام نے بھی شرکت کی تقریب کے اختتام پر تنظیم کے چیئرمین نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور دیگر معزز مہمانوں کو سووینئرز پیش کیے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 17 JAN 2025 Page No. 21

# Balochistan needs dams

Agriculture is the backbone of Balochistan's economy, with approximately 70 percent of the population directly or indirectly reliant on it for their livelihood. However, the province faces a significant challenge: its precipitation levels are much lower than the national average. Apart from the four districts that benefit from canal-based irrigation, most districts in Balochistan depend on groundwater for farming. In response, previous governments have focused on building small and large dams to recharge groundwater supplies. Despite these efforts, the devastating rains of 2022 raised serious concerns about the quality of dam construction. Many dams were severely damaged by the heavy downpours. Experts suggest that technical flaws or the lack of internationally recognized development standards contributed to these failures. They argue that the dams, which were supposed to be the hope for residents in Balochistan's arid regions, were ineffective due to poor management, substandard construction, and a lack of research institutions focused on rainfall patterns and disaster risk reduction. Dams built without adequate planning and proper protocols are vulnerable to extreme weather events, as seen in 2022. The torrential rains in 2022 resulted in the loss of valuable water that could have alleviated the province's water scarcity. In Qila Abdullah district alone, 38 dams were damaged. Additionally, over a dozen dams were affected in Quetta, while Khuzdar, Hub, Dera Bugti, Bela, Kachhi, Chagai, Nushki, Harnai, Zhob, Musa Khel, Duki, Surab, Kharan, Washuk, Mastung, Kech, Kalat, and Kohlu districts also suffered significant damage. These events highlight the urgent need for better dam construction practices. To prevent further losses, authorities must strictly adhere to internationally recognized standards in dam construction. Essential prerequisites like geophysical, geological, and feasibility surveys must be conducted to ensure that dams are built to withstand the province's challenging environment. If the land's lithology and the proposed dam's efficiency are not properly assessed, any effort to build a dam will be in vain. Moreover, it is crucial that the contractors chosen to build dams are qualified and competent. The awarding of contracts should not be influenced by political connections or personal relations, as incompetent builders can cost the nation billions. Unfortunately, this kind of negligence often leads to subpar construction and wasteful spending. Lastly, Balochistan needs an updated system for predicting rainfall and managing rainwater harvesting. Currently, dams are often designed based on outdated rainfall data, typically from the previous decade. A modern approach to water management and forecasting is vital for the region's future.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 17 JAN 2025

Page No. 22

# Shelter for Flood Victims in Balochistan

The recent handover of keys to 250 newly constructed homes for flood victims in Balochistan marks a significant promise fulfilled in the wake of one of the most devastating natural disasters to hit the region. The Kashmir Orphan Relief Trust (KORT), a compassionate welfare organization, has set a remarkable precedent through its dedicated efforts to provide shelter and restore dignity to the lives of those affected by the catastrophic floods of 2022. Under the auspices of the Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfaraz Bugti, this initiative underscores a vital step toward rebuilding communities devastated by this tragedy. In August 2022, torrential rains and subsequent floods ravaged Balochistan, leading to the loss of countless lives and the destruction of vast stretches of land. Reports indicated that the flood claimed not only 336 precious human lives but also decimated critical infrastructure worth a staggering Rs 500 billion. A total of 190,000 houses were left completely or partially destroyed, while extensive damage to roads and bridges rendered many areas inaccessible. The agricultural sector suffered grave losses, with 900,000 acres of fertile land affected and 500,000 livestock lost. This devastation posed a significant challenge for the region, leaving countless families homeless and desperate for support. In light of such unprecedented destruction, KORT's accomplishment of constructing 250 homes across five districts Sohbatpur, Pishin, Qila Saifullah, Mastung, and Quetta offers,hope to those who have endured immense hardship. The initiative demonstrates not only a response to an acute crisis but also a commitment to long-term rehabilitation. Chief Minister Bugti's announcement that "not a single flood victim will remain homeless in Balochistan" highlights the urgent need for comprehensive rescue and rehabilitation efforts and lays a foundation upon which lives can be rebuilt.

The homes provided by KORT are not mere structures; they symbolize renewed hope, a sense of community, and the promise of a more stable future. Each unit features two rooms and a washroom, coupled with essential amenities such as electricity and water supply. Such provisions are fundamental to restoring the sense of normalcy that over 250 families so des-

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: مشرق کوئٹہ

Bullet No. 7

Dated: 16-1-25 Page

# Centre's slow assistance worries Balochistan

## CM distributes keys of newly built 250 homes in Quetta, Mastung, Pishin, Killa Saifullah, and Sohbatpur

OUR CORRESPONDENT
QUETTA

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has expressed concern over delays in the federal flood assistance for flood survivors and stressed the need for immediate action.

He acknowledged the remarkable efforts of the Kashmir Orphan Relief Trust (KORT) in providing support to families affected by the 2022 catastrophe.

Speaking at an event organised at the Chief Minister's Secretariat, he emphasised the importance of assisting disaster-stricken individuals, calling it an act of profound humanity. He praised the KORT's work as a source of hope and inspiration.

The KORT has completed the construction of 250 houses in flood-hit areas across Quetta city, Mastung, Pishin, Killa Saifullah, and Sohbatpur.

At the ceremony, keys to the newly built homes were handed over to the affected families, marking a milestone in their journey toward recovery.

During his speech, the chief minister reiterated the provincial government's commitment to encouraging organisations like the KORT that were dedicated to humanitarian service.

> He acknowledged efforts of the Kashmir Orphan Relief Trust in providing support to families affected by the 2022 floods

He expressed concern over delays in the federal flood victims assistance initiatives and stressed the need for immediate action to alleviate the hardships faced by flood survivors.

Highlighting the potential for local solutions, Bugti proposed that the Balochistan government could complete the federal flood recovery programme within eight to nine months through the public-private partnership model.

Drawing inspiration from Sindh's success in similar projects under the guidance of PPP Chairman Bilawal Bhutto Zardari, he expressed optimism about replicating those achievements in Balochistan. In a noteworthy announcement, the chief minister unveiled plans to establish a large-scale facility for orphaned children in Balochistan.

He pledged free land for the project and called on philanthropists, government officials, and public representatives to support the initiative, pledging his own participation in this charitable endeavor.

Reflecting on the spirit of national solidarity, the chief minister commended the reciprocal support from the people of Kashmir, who have extended their assistance to Balochistan during this challenging time.

He likened it to Balochistan's earlier support during the Kashmir earthquake, emphasising the unity that binds the nation.

KORT Chairman Chaudhry Muhammad Akhtar, speaking at the event, elaborated on the organisation's continuing dedication to humanitarian causes.

Certificates of appreciation were announced by the chief minister to recognise the contributions of donors, volunteers, and other supporters. The ceremony was attended by several notable figures, including provincial ministers, parliamentary secretaries, PPP leaders, and Quetta Division Commissioner Hamza Shafqaat. Souvenirs were also presented to the chief minister and other dignitaries.

In his concluding remarks, the chief minister reaffirmed his vision for a progressive and prosperous Balochistan, stating, "Together, we are building a stronger and brighter future for our province."

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: لنڈرز نیوز

Bullet No. 7

Dated: 16-1-25 Page No. 22

## DC inspects free medical camps

QUETTA: Deputy Commissioner Chaman, Habib Bangulzai visited free medical camp organized by Trust for Vaccines and Immunization (TVI) in the district. The series of TVI's free medical camps continued for the second day in different union councils. Deputy Commissioner Bangulzai along Dr. Ismat, TVI Coordinator Muhammad Ali Achakzai and WHO Coordinator Dr. Asad inspected different camps. He said that the aim of free medical camps is to provide treatment and care to people in remote areas of the district at their doorsteps. He said that today, free medical camps were organized in Union Council College, Union Council Sarki Talari and Union Council Old Chaman. On this occasion, DC obtained detailed information about their treatment and care from the patients present in the camp. APP

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 17 JAN 2025

Page No.



اسلام آباد: وزیر تعلیم راحیلہ درانی اور پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی کا (جائیکا) کے زیر اہتمام مشترکہ رابطہ کمیٹی کے شرکاء کے ہمراہ گروپ



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے پارلیمانی سیکرٹری انرجی میر اصغر رند ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA




صوبائی وزیر سردار کوہیار خان ڈومکی ترقیاتی کاموں کا معائنہ کر رہے ہیں

CamScanner



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان شہر میں بھکاریوں اور منشیات کی روک تھام کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان جنگلات اور ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner